# Regional Urdu Text Bulletin, Chhatrapati Sambhajinagar

Date: 12 March-2026

Time: 09:00-09:10 am

## آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر

علاقائی خبریں

تاریخ: ۱۲/مارچ/۲۰۲۶ء

وقت: ۹:۰۰-۹:۱۰

***** ***** *****

::::::سرخیاں::::::

پیش ہے خاص خبروں کی سرخیاں:

☆ لوک سبھا اسپیکر اوم برلا کے خلاف تحریک عدم اعتماد مسترد۔

☆ ریاست کو درپیش مشکلات سے نکلنے کا راستہ تلاش کرنے کی صلاحیت ہے۔ وزیر اعلیٰ کا بیان۔

☆ ریاستی حکومت گھریلو گیس کی قلت کے حوالے سے مناسب اقدامات کرے۔ اسمبلی اسپیکر کی ہدایت۔

☆ حکومت خواتین کسانوں کو با اختیار بنانے کے لیے آئندہ اجلاس میں ایک خصوصی بل لائے گی۔ نائب وزیر اعلیٰ سنیترا پوار کا اعلان۔

اور۔۔۔☆ چھترپتی شیواجی مہاراج کے اُس وقت کے شہر اورنگ آباد کے دورے کے 360 برس مکمل۔ 15/مارچ کو شہر میں ایک خصوصی ہیریٹیج واک کا کیا جائے گا اہتمام۔

***** ***** *****

اب خبریں تفصیل سے:

ایوان نے کل لوک سبھا اسپیکر اوم برلا کے خلاف تحریک عدم اعتماد کو مسترد کر دیا۔ وزیر داخلہ امت شاہ نے کل شام دو روزہ بحث کا جواب دیا۔ انہوں نے ایوان کی توجہ اس طرف مبذول کروائی کہ گذشتہ کئی سالوں میں لوک سبھا میں اپوزیشن لیڈران نے صدر کے خطاب، بجٹ پر بحث یا کسی اور اہم بل پر شکریہ کی تحریک میں حصہ نہیں لیا تھا۔ ایوان کا کام قواعد کے مطابق چلایا جاتا ہے اور اگر قائدِ حزب اختلاف کو ان قواعد کا علم نہیں ہے تو انہیں اپنی پارٹی کے سینیئر لیڈروں سے یہ اصول سمجھنا چاہیئے۔ اس موقع پر شاہ نے کہا۔۔۔۔

**Byte: Union Home Minister Amit Shah**

***** ***** *****

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے اپیل کی ہے کہ پانی کی حفاظت ہر شہری کا فرض ہے اور شہریان پانی کے تحفظ میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیں۔ وہ کل نئی دہلی میں نیشنل واٹر فیسٹول سے خطاب کر رہی تھیں۔ انہوں نے کہا کہ پانی صرف استعمال کی چیز نہیں ہے۔ اس موقع پر انہوں نے کہا

**Byte: President of India, Dropadi Murmu**

صدر جمہوریہ نے کہا کہ اس وقت ملک کے تقریباً 82 فی صد دیہی گھرانوں میں نل کے ذریعے پانی فراہم ہوتا ہے جو کہ جل جیون مشن کی ایک بڑی کامیابی ہے۔ پروگرام کے دوران جل جیون مشن کے تحت نچلی سطح پر بہترین کام کر کے معاشرے میں مثبت تبدیلیاں لانے والی شخصیات اور تنظیموں کو اعزاز سے نوازا گیا۔

***** ***** *****

وزیر اعلیٰ دیویندر فڈنویس نے کہا ہے کہ مہاراشٹر کی اقتصادی حالت اچھی ہے اور اس سال کا بجٹ مالیاتی نظم وضبط کے تحت پیش کیا گیا ہے۔ وہ کل قانون ساز اسمبلی میں بجٹ پر بحث کا جواب دے رہے تھے۔ ریاست فی کس آمدنی کے لحاظ سے ملک میں پانچویں نمبر پر ہے اور ریاست کی GDP ترقی کی شرح ملک کی GDP کی شرح نمو سے زیادہ ہے۔

ریاست کی GSDP سال 14-2013 میں 16 لاکھ کروڑ تھی اور اب یہ 51 لاکھ کروڑ تک پہنچ گئی ہے۔ وزیر اعلیٰ نے بتایا کہ GDP میں مہاراشٹر کا حصہ 14.3 فی صد ہے۔ انہوں نے کہا کہ مہاراشٹر کی معیشیت دنیا کی 30 ویں بڑی معیشیت ہے۔ مہاراشٹر میں مشکلات پر قابو پانے کی صلاحیت ہے۔ ریاست کا قرض بڑھ گیا ہے لیکن ریاست کا قرض مجموعی گھریلو پیداوار کے 25 فیصد کے اندر ہونا چاہئے اور مہاراشٹر کا 18 فی صد ہے۔ یہ بتاتے ہوئے کہ مالیاتی خسارہ تین فی صد سے نیچے اور محصولات کے خسارے کو ایک فی صد سے نیچے رکھا گیا ہے۔ وزیر اعلیٰ نے کہا ہے کہ ریاست نے آبپاشی ،توانائی اور سماجی انصاف جیسے تمام شعبوں میں ترقی کی ہے۔

***** ***** *****

اسمبلی اسپیکر راہل نارویکر نے ریاستی حکومت کو گھریلو گیس کی قلت کے سلسلے میں مناسب اقدامات کرنے کی ہدایت دی ہے۔ کانگریس کے وجئے وڈیٹی وار نے اس سلسلے میں اسمبلی میں سوال کیا تھا۔

دریں اثناء قانون ساز کونسل کے ڈپٹی چیئرمین رام شندے نے ضلع کلکٹرز کو ہدایت دی ہے کہ وہ ہاسٹلوں میں رہنے والے بچوں کے لیے گیس اور ایندھن کی قلت کا سنجیدگی سے نوٹس لیں ۔ پرساد لاڈ ، پرون دریکر اور سچن اہیر نے اس معاملے میں سوالات پیش کئے تھے۔ شندے نے یہ بھی کہا کہ ضلع کلکٹرز کو ہاسٹلوں میں طلباء کے لیے مناسب انتظامات کرنے چاہیئے ۔ دریں اثناء سماجی انصاف کے وزیر سنجئے شرساٹھ نے کہا کہ اس سلسلے میں تمام ضلع کلکٹرز کو مطلع کر دیا گیا ہے۔

ہنگولی ضلع کلکٹر راہل گپتا نے شہریوں سے نہ گھبرانے کی اپیل کرتے ہوئے کہا ہے کہ ضلع میں گیس سلنڈرس کا وافر ذخیرہ موجود ہے۔ وہیں چھترپتی سمبھاجی نگر ضلع انتظامیہ نے بھی شہریان سے افواہوں پر یقین نہ کرنے کی اپیل کی ہے اور کہا ہے کہ گھریلو گیس کا وافر ذخیرہ موجود ہے۔

***** ***** *****

نیشنل کانفرنس کے صدر اور جموں کشمیر کے سابق وزیر اعلیٰ فاروق عبداللہ کو کل شام گولی مارنے کی کوشش کی گئی۔ عبداللہ گریٹر کیلاش علاقے میں ایک شادی کی تقریب میں شریک تھے۔ نائب وزیر اعلیٰ سریندر چودھری بھی ان کے ساتھ تھے۔ واقعے کی CCTV فوٹیج میں فاروق عبداللہ کو شادی سے نکلتے ہوئے دکھایا گیا ہے جب حملہ آور کمل سنگھ جموال پیچھے سے ان کے قریب آیا۔ اس نے ان کے سر پر پستول تانی اور گولی چلانے کی کوشش کی تاہم ان کے ساتھ موجود سیکورٹی اہل کاروں نے انہیں بچالیا اور حملہ آور کو پکڑ لیا۔ حکام نے بتایا کہ فاروق عبداللہ اور سریندر چودھری محفوظ ہیں اور حملے کے پیچھے کے محرکات کا پتہ لگایا جارہا ہے۔ نائب وزیر اعلیٰ سریندر چودھری نے کہا ہے کہ پولس سے پوچھ گچھ کرنی چاہئے کہ ان سے ایسی کوتاہی کیسے ہوئی۔

***** ***** *****

نائب وزیر اعلیٰ سنیترا اپوار نے کہا ہے کہ حکومت خواتین کسانوں کو بااختیار بنانے کے لیے آئندہ اجلاس میں خصوصی بل پیش کرے گی۔ وہ خواتین کے عالمی دن کے موقع پر کل ودھان بھون کے مرکزی ہال میں مخاطب تھیں۔ اس پروگرام میں سینئر زرعی ماہر نتیا راؤ نے مشورہ دیا ہے کہ خواتین کسانوں کا تناسب مردوں کے مقابلے میں 20 فیصد زیادہ ہے۔ تاہم انہیں زراعت سے متعلق مختلف اسکیمات کا فائدہ کیونکہ ان کے نام پر زمین کا 7/12 نہیں ہوتا ہے اور اس پر قابو پانے کے لیے ریاست میں ایک مرکز شروع کیا جانا چاہئے۔ اس مناسبت سے سنیترا اپوار نے یقین دلایا کہ مرکزی اور ریاستی حکومتیں جلد ہی ایسا ایک مرکز شروع کرے گی۔

***** ***** *****

یہ خبریں آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر سے نشر کی جارہی ہیں۔

***** ***** *****

مراٹھواڑہ میں انتظامی سہولت کے لیے دوسرا محصول کمشنریٹ اور ڈپٹی ڈائریکٹر لینڈ ریکارڈ دفتر ناندیڑ یا لاتور میں قائم کیا جائے گا۔ وزیرِ محصول چندر شیکھر باون کڑے نے کل قانون ساز اسمبلی میں یہ اطلاع دی۔

اس دوران انہوں نے یقین دلایا کہ زمین کی شماری کے عمل کا دورانیہ 60 سے 90 دنوں سے کم کر کے 30 دن کر دیا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ 1500 نئی روور مشینوں سے گنتی کی جائے گی۔

***** ***** *****

اس برس چھترپتی شیواجی مہاراج کے اس وقت کے اورنگ آباد شہر کے تاریخی دورے کے 360ویں سالگرہ منائی جارہی ہے۔ اسے یادگار بنانے کے لیے چھترپتی سمبھاجی نگر میونسپل کارپوریشن اور INTAC کے اشتراک سے 15/ مارچ کو جۓ سنگھ پورہ علاقے میں ایک خصوصی ہیریٹیج واک کا انعقاد کیا گیا ہے۔ تاریخ کے مطابق شیواجی مہاراج نے پورندر معاہدے کے بعد آگرہ جاتے ہوئے اورنگ آباد میں قیام کیا تھا۔ 5/ مارچ 1666 کو رائے گڈھ سے آگرہ کے لیے روانہ ہوئے مہاراج تقریباً ایک ہفتے بعد اورنگ آباد پہنچ گئے تھے۔ شہر کے تاریخی ورثہ کو متعارف کرانے کے لیے اس اقدام میں شہریوں، طلبہ اور تاریخ کے شائقین سے بڑی تعداد میں حصہ لینے کی اپیل میونسپل کارپوریشن نے کی ہے۔

***** ***** *****

پیٹھن کا ناتھ ششٹھی تہوار کل اختتام پذیر ہوا۔ کل شام کیرتن کے بعد راؤ صاحب گوساوی نے ہانڈی توڑی، وہاں موجود عقیدتمندوں نے ناتھ سمادھی کے درشن کیے۔

***** ***** *****

سنتوں کے ادب کے اسکالر جیئنت دیشپانڈے نے سماج سے اپیل کی ہے کہ وہ روحانی زندگی کے ساتھ ساتھ دنیا میں تکارام کی مثال کو برقرار رکھیں۔ وہ چھترپتی سمبھاجی نگر میں جیون وکاس لائبریری کے یوم قیام تقریب سے مخاطب تھے۔

***** ***** *****

ممبئی یونیورسٹی میں فنون اکیڈمی کے سربراہ ڈاکٹر گنیش چندن شیوے نے عوامی فنکاروں سے اپیل کی ہے کہ وہ عقیدت کے ذریعے عوامی ثقافت کی تاریخ کو محفوظ کریں۔ وہ کل بیڑ میں عوامی فنون تحفظ سے متعلق قومی ورکشاپ کے افتتاح کے بعد مخاطب تھے۔

***** ***** *****

ریاستی حکومت نے تلجاپور میں ضلع وایڈیشنل سیشن کورٹ کے قیام کو منظوری دی ہے۔ اس حوالے سے حکومتی فیصلہ جاری کر دیا گیا ہے اور نئی عدالت کے لیے 25 مختلف آسامیاں بنانے کی انتظامی منظوری دی گئی ہے۔

***** ***** *****

پربھنی ضلع کے گنگا کھیڑ میں کل پنڈت دین دیال اپادھیائے روزگار میلے کا انعقاد کیا گیا۔ اس میلے میں 166 میں سے 83 امیدواروں کا ابتدائی انتخاب کیا گیا۔

***** ***** *****

کل ہنگو لی ضلع میں HPV ویکسنیشن مہم چلائی گئی۔ضلع کلکٹر راہل گپتا اور ضلع پریشد کے سی ای او وویک گائیکواڑ کی موجودگی میں سین گاؤں تعلقہ کے کاپڑسنگی ابتدائی مرکز میں 15 لڑکیوں کو ٹیکے لگائے گئے۔

***** ***** *****

:::::سرخیاں::::::

**آخر میں اس بلیٹن کی خاص خبریں ایک بار پھر:**

☆ لوک سبھا اسپیکر اوم برلا کے خلاف تحریک عدم اعتماد مسترد۔

☆ ریاست کو درپیش مشکلات سے نکلنے کا راستہ تلاش کرنے کی صلاحیت ہے۔وزیر اعلیٰ کا بیان۔

☆ ریاستی حکومت گھریلو گیس کی قلت کے حوالے سے مناسب اقدامات کرے۔اسمبلی اسپیکر کی ہدایت۔

☆ حکومت خواتین کسانوں کو با اختیار بنانے کے لیے آئندہ اجلاس میں ایک خصوصی بل لائے گی۔نائب وزیر اعلیٰ سنیترا پوار کا اعلان۔

اور۔۔۔☆ چھترپتی شیواجی مہاراج کے اُس وقت کے شہر اورنگ آباد کے دورے کے 360 برس مکمل۔15 / مارچ کو شہر میں ایک خصوصی ہیرٹیج واک کا کیا جائے گا اہتمام۔

***** ***** *****

**اس کے ساتھ ہی علاقائی خبریں ختم ہوئیں۔**

**ان خبروں کو آپ AIR چھترپتی سمبھا جی نگر یوٹیوب چینل، پر دوبارہ کسی بھی وقت سن سکتے ہیں۔**

***** ***** *****